ڈاکٹر محمد اکرام خاں

ذاکر صاحب ـــ ایک معلّم

ایک عرصہ ہوا ذاکر صاحب اللہ کو پیارے ہو گئے ہیں۔ لیکن اُن کے غم کا داغ کسی صورت ہلکا ہوتا نظر نہیں آتا ہے۔ بلکہ کچھ ایسا لگتا ہے کہ وقت گزرتا رہے گا اور ذاکر صاحب کی جدائی کا غم شخصی اور قومی زندگی کے ہر جوڑ پر اُس شخص کو خون کے آنسو رُلائے گا جس کا کسی نہ کسی عنوان ذاکر صاحب سے تعلق رہا ہو۔

آج کے سب لوگ ذاکر صاحب کو اچھی طرح جانتے ہیں۔ بہتوں نے اُن کو دور یا نزدیک سے اچھی طرح دیکھا ہے بہتوں نے ان کے ساتھ کام کیا ہے۔ بہتوں نے ان کی رہنمائی اور ہدایت کے مطابق اپنے فرائض منصبی کو بس بھرا نجام دیا ہے بہتوں نے اپنی زندگی ان کی ماں اور باپ جیسی شفقت سے بنائی اور سنواری ہے۔ بہتوں نے ان کی سرپرستی اور نگرانی میں تعلیم حاصل کی ہے۔ مجھے ان کے ایک حقیر شاگرد ہونے کا فخر حاصل ہے میں نے ان کو سدا ایک معلم کی حیثیت سے دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش کی ہے۔

یوں تو ذاکر صاحب ہمارے درمیان نہیں ہیں۔ لیکن ان کی تحریروں اور تقریروں ان کے افکار اور کردار ان کے اصولوں اور قدروں کا بیش بہا خزانہ قوم کے تعلیمی خزانوں میں محفوظ ہے۔ نئی نسلوں کے لوگ اس محفوظ خزانہ کے ذریعہ ذاکر صاحب کو جانیں گے۔ ذاکر صاحب کو سمجھیں گے۔ ذاکر صاحب کو پڑھ کر اپنے لیے آگے کی راہ تلاش کریں گے البتہ یہ ضرور ہے کہ ہر شخص اس خزانہ سے براہ راست فیض یاب نہیں ہو سکے گا۔ اس کے لیے ضرورت ہے کہ تحقیقاتی کام کرنے والے لائق اور اہل قلم حضرات ذاکر صاحب کے علم و فضل کی گہرائی، ان کی مذہبی اور فلسفیانہ نظر، ان کے اسلوب بیان اور طرز تحریر و تقریر، ان کے اصول تعلیم اور طریقۂ تعلیم۔ ان کی سیرت کی بلندی اور وقار، ان کی سیاسی

سوجھ بوجھ اور حسنِ انتظام ان کی حق پرستی اور انصاف پسندی اُن کی انسان دوستی، اور دلیش بھگتی، ان کی خدمت اور ایثار، ان کی دلچسپی اور ذوق کا تفصیلی مطالعہ کریں اور نتائج کو اپنی تحریروں اور تقریروں کے ذریعہ دوسروں تک پہنچائیں۔ اس طرح نئی نسلیں ذاکر صاحب سے فیض یاب ہوسکیں گی۔

ذاکر صاحب نے زندگی بھر اپنے وطنِ عزیز کی خدمت کی ہے۔ خدمت ان کا وظیفۂ زندگی تھا۔ انھوں نے ایک مُعلم کی حیثیت سے قومی خدمت کے میدان میں قدم رکھا اور صدرِ جمہوریہ کی حیثیت سے اس سفر کو ختم کیا اور بالآخر اپنی جانِ جاں آفریں کے سپرد کردی (خدا اُن کو اپنی رحمتوں سے مالا مال فرمائے) ۱۹۲۰ء سے ۱۹۶۹ء تک ذاکر صاحب نے اَن گنت طریقوں اور حیثیتوں سے قومی خدمت کے کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں لیکن انھوں نے اپنی معلّم کی حیثیت ہر قدم پر باقی رکھی ہے۔ اس حیثیت پر ہمیشہ فخر کیا ہے۔ شاید اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ان کے دل کو سکون اور قرار اسی حیثیت میں زیادہ حاصل ہوا ہے۔ معلّم کی حیثیت سے انھوں نے صحیح معنوں میں صحیح اور صالح قدروں کی اشاعت اور قومی کردار کی تشکیل کی ہے۔ اکتوبر ۱۹۵۸ء میں جے پور میں استادوں کے اجتماع کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

"میں دل سے آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے اس سمیلن کے موقع پر مجھے یاد فرمایا۔ آدمی کو شاید سب سے زیادہ خوشی اس سے ہوتی ہے کہ اس کی برادری کے لوگ اسے پسند کریں۔ میری برادری یہی شکشکوں کی برادری ہے۔ میں نے آج سے کوئی ۳۴۔ ۳۵ برس پہلے اس کام کو اپنایا تھا۔ اور اس لمبی مدت میں کبھی مجھے ایک آن کو یہ افسوس نہیں ہوا کہ میں نے یہ کام کیوں لیا۔ خاص مشکلوں میں مجھے یہ کام کرنا پڑا۔ شکشا کو نئے ڈھنگ پر ڈالنے کی کوشش میں لوگوں کی مخالفت بھی سہنی پڑی اور مخالفت کی گرمی سے زیادہ بے پرواہی کی ٹھنڈی مار بھی پڑتی رہی۔ مگر جی نے سکھ اسی کام میں پایا اور ساتھیوں اور شاگردوں کی محبت نے سب تکلیفوں کو بھلا دیا۔ آپ کا آج مجھے بلانا بھی انھیں تکلیفوں کا انعام ہے سچ یہ ہے کہ دیا کم ہے پایا زیادہ ہے۔"

ناز اٹھانے میں جفائیں تو اٹھائیں لیکن
لطف بھی ایسا اٹھایا ہے کہ جی جانے ہے

Y02

میں نے جب شکشا کے میدان میں قدم رکھا تھا تو وہ ہماری غلامی کا زمانہ تھا۔ ہم ایک پردیسی راج کی ایڑی تلے دبے ہوئے تھے۔ سامراج کی رسیوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ پر وہ بڑی بے چینی اور ہلچل کا زمانہ بھی تھا۔ ہم غلامی کی رسیاں توڑنے میں اپنا سارا زور لگا رہے تھے ان رسیوں کو کاٹنے کی کوشش میں راشٹریہ شکشا کی کوشش بھی تھی۔ یہ ایک

Accession Number

کمزور سی کوشش تھی۔ میں بھی دوسرے ساتھیوں کے ساتھ اس میں لگ گیا۔"

ذاکر صاحب تعلیمی آدمی تھے۔ انھیں درس و تدریس میں لطف آتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے زندگی کا بہترین اور بیشتر حصہ معلم کی حیثیت سے گزارا ہے۔ وہ اسی حیثیت سے اپنا مقصدِ حیات حاصل کرنا چاہتے تھے اور یہاں انھیں اسی میں اپنا مقصدِ حیات حاصل ہوا ہے۔ علی گڑھ سے چلے آنے کے بعد کچھ تصنیف و تالیف کا کام کرنا چاہتے تھے کہ پنڈت جواہرلال نہرو نے انھیں راجیہ سبھا کا ممبر بنا دیا اور پھر ان کی عدم موجودگی ہی میں ان کو ریاست بہار کا گورنر مقرر کر دیا گیا۔ ظاہر ہے ذاکر صاحب سے مشورہ ضرور کیا گیا ہوگا۔ لیکن ایک مبارکباد کے خط کے جواب میں انھوں نے ۳ جون ۱۹۵۷ء کو پیرس سے اپنے ایک شاگرد کو جو خط لکھا تھا وہ ذیل میں درج ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ گورنری کا عہدہ قبول کرتے وقت ذاکر صاحب کے اصل جذبات کیا تھے۔

"...... مبارکباد پر کیا لکھوں؟ کسی کو کوئی چیز بلا استحقاق مل جائے اور اس کا چرچا ہو تو وہ بے چارہ سوائے اس کے کہ شرمندہ ہو اور کیا کرے؟ لیکن آپ خوش ہیں اس لیے میں بھی خوش ہوں۔ کام میری ساری پچھلی زندگی سے لگا نہیں کھاتا ہے۔ لیکن انکار مناسب نہ تھا۔ دعا کیجیے کہ لاج رہ جائے۔ مگر آپ نے تو بہت سی امیدیں قائم کر لی ہیں؟ بستی بسنا کھیل نہیں۔ بستے بستے بستی ہے۔"

ذاکر صاحب نے بحیثیت معلم نجی طور پر ان گنت نوجوانوں کی زندگیاں علم کی روشنی سے منور کی ہیں۔ انھیں اپنے شاگردوں سے بے پناہ اور مستقل محبت تھی۔ ان کے یہاں استاد اور شاگرد کا رشتہ دائمی رشتہ سمجھا جاتا ہے وہ اپنے شاگردوں کی مدرسوں اور کالجوں سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد بھی ہر آڑے وقت میں مدد فرماتے تھے۔ شاید ان کے دلِ بے قرار کو قرار ہی شاگردوں سے مل کر اور ان کی رہنمائی کر کے ملتا تھا۔ ایک خط کا ضروری حصہ ذیل میں درج ہے۔ یہ خط ڈاکٹر صاحب نے ۲۲ مئی ۱۹۵۹ء کو راج بھون، رانچی سے اپنے ایک شاگرد کے خط کے جواب میں لکھا تھا۔

"...آپ نے اپنی جو سرگزشت لکھی ہے اس سے رنج ہوا۔ اور اپنی بے بسی پر اس سے زیادہ رنج، یہاں کسی باہر کے آدمی کے لیے تعلیمی کام کا ملنا مشکل ہے۔ جب سے اپنا موجودہ کام سنبھالا ہے بوجوہ سفارشی خط لکھنا ترک کر دیا ہے۔ اب اگر کوئی مجھ سے کسی کے متعلق رائے دریافت کرتا ہے تو لکھ دیتا ہوں۔ لیکن بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مجھ سے دریافت نہیں کیا جاتا .... سفارش سے زیادہ مفید ایک مشورہ آپ کو دینا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ ہر آدمی کی زندگی میں ایک نہ ایک وقت آزمائش کا ہوتا ہے۔ بانصیب اس سے اپنی بہترین صفات کی

تربیت کا کام لیتے ہیں۔ بے نصیب تقدیر سے لڑتے ہیں اور اپنے دل کی تلخی سے اپنی زندگی خراب کرتے ہیں۔ خارجی دنیا جیسی کی ویسی رہتی ہے اور یہ غریب بگڑ جاتے ہیں۔ اپنی مشکلوں سے اپنے اندر تلخی پیدا نہ ہونے دیجیے۔ وقت کی اچھی صفتوں میں یہ بھی ہے کہ گزر جاتا ہے۔ اچھا ہی نہیں، برا بھی"۔

مجھے معلوم ہے کہ ذاکر صاحب مذکورہ بالا خط لکھنے کے بعد اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے جب تک اپنے اس شاگرد کو دہلی کے ڈائرکٹر آف ایجوکیشن سے کہہ کر یا کہلا کر ایک گورنمنٹ اسکول میں استاد کی حیثیت سے ملازم نہیں کرا لیا۔ یہ اس لیے لکھ رہا ہوں کہ وہ صرف نصیحت ہی نہیں کرتے تھے بلکہ صحیح معنوں میں ضرورت مندوں کی ضرورت بھی پوری کرتے تھے۔

قومی نقطۂ نظر سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ ذاکر صاحب ہماری پوری قوم کے استاد تھے۔ انھوں نے ملک کی آزادی اور قوم کی ترقی کے لیے قومی تعلیم کا ایک مہمل خاکہ بنیادی قومی تعلیم کے نام سے پیش کیا تھا۔ انھوں نے جامعہ میں قومی تعلیم کا نصاب تیار کیا۔ اسے پرکھا اور پھر اس کے لیے ایک طریقۂ تعلیم تجویز کیا۔ اُن کی تقریروں اور تحریروں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ کام کے ذریعہ تعلیم کو کتنی اہمیت دیتے تھے اور کیوں کام دراصل ان کے نزدیک تعلیم آدمی کے ذہن کی پوری پوری پرورش کا نام ہے اور وہ یہ پرورش کام کے ذریعہ تعلیم دے کر کرانا چاہتے تھے۔

۲۵ راکتوبر ۱۹۵۷ء کو پٹنہ سے ایک خط میں بڑی حسرت کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں:۔

"..... لیکن بنیادی تعلیم کو لوگ نہ نظری طور پر سمجھتے ہیں، نہ اس کا عملی مظاہرہ ہی بہت اچھا ہو رہا ہے۔ بڑی محنت کا کام ہے یہ۔ ملک کا بڑا محسن ہوگا جو اسے کر ڈالے۔ نہ جانے یہ سعادت کس کے نصیب میں ہوگی۔"

ذاکر صاحب کی ذات میں اچھے استاد کی تمام تر خوبیاں اور صفات موجود تھیں۔ وہ عالم باعمل تھے۔ وہ سماجی آدمی تھے۔ وہ سب کا ادب کرتے تھے۔ بڑوں کا بھی ساتھیوں کا بھی، بچوں کا بھی، اور سب سے بڑی بات تو یہ کہ اپنا بھی، وہ صابر تھے اور مستقل مزاج وہ کتابوں کے عاشق تھے۔ وہ حساس تھے اور بے حد ذہین تھے۔ انھیں بچوں سے والہانہ محبت تھی۔ وہ دوسروں پر یقین رکھتے تھے۔ غرض یہ کہ ان میں ایک اچھے استاد کی ہر صفت بدرجہ اتم موجود تھی لیکن ذاکر صاحب کی سب سے زیادہ نمایاں اور قابلِ ذکر خوبی اور صفت یہ تھی کہ وہ شاگردوں کی بننے والی شخصیت کا رخ پہچان کر نہ صرف اس کی ترقی کے امکانات کا اندازہ کرتے تھے بلکہ اسے درجۂ کمال تک پہنچانے میں ہر ممکن مدد کرتے تھے۔

ذاکر صاحب ہر شخص سے بالخصوص اپنے شاگردوں سے ماں کی طرح غیر مشروط محبت کرتے تھے معلّم کی حیثیت سے ان کی بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ لوگوں کی سیرت کے بُرے پہلوؤں کو نظر انداز کرتے اور اچھے پہلوؤں کو ڈھونڈ نکالتے تھے اور ان کی کچھ اس طرح قدر و ہمت افزائی کرتے تھے کہ انھوں نے ہزاروں گرتوں کو تھاما ہے اور ہزاروں کو بھٹکنے سے بچایا ہے۔ اس سلسلے میں حسب ذیل خط ملاحظہ فرمایئے جسے انھوں نے "بچوں کا گھر" دریا گنج دہلی کے ایک سولہ سالہ طالب علم کے ایک خط کے جواب میں "گھر" کے نگراں کو راج بھون پٹنہ سے ۱۵ اکتوبر ۱۹۶۳ء کو لکھا تھا۔

" محبّی فاروق صاحب، السلام علیکم

جلیل میاں (بابو) کا ایک خط مجھے ملا۔ اس میں انھوں نے یہ لکھا ہے کہ وہ یہ خط آپ کی اور حکیم صاحب کی ہدایت کے مطابق لکھ رہے ہیں۔ چنانچہ جواب انھیں نہیں لکھ رہا ہوں۔ آپ ہی کو لکھتا ہوں۔ اگر خط انھوں نے آپ کی ہدایت پر نہ بھی لکھا ہو تو انھیں میری رائے بتا دیجیے گا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ میں شادی کے بارے میں کسی سے گفتگو نہیں کر سکوں گا۔ نہ پٹنہ میں نہ کہیں اور بابو نے پٹنہ میں کسی صاحب کی والدہ کا نام لکھا ہے۔ میں ان سے گفتگو کرنے سے معذور ہوں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میری رائے میں شادی کرنے سے پہلے میاں جلیل کو برسر روزگار ہونا چاہیئے۔ سوائے اس کے کہ کوئی دلہن انھیں ایسی ملے جو انھیں پالنے پر تیار ہو اور برابر پالتی رہے!

تیسری بات یہ ہے کہ اگر شادی کا ارادہ مصمم ہی کر لیا ہے تو صاحبزادے کو انتخاب میں بدیہی غلطی سے بچانے میں آپ، حکیم صاحب اور اکرام صاحب ان کی مدد فرمائیں۔ آگے اُن کی مرضی اور خدا کی مرضی۔"

اس تذکرہ سے ذاکر صاحب کی شخصیت، ان کی بڑائی اور ان کی تعلیمی خدمات کا صرف دھندلا سا اندازہ ہوتا ہے۔ ورنہ حقیقتاً ان کا ذکر تو ان کے دوستوں اور ساتھیوں کے قلم کی زبان سے سننے میں لطف آتا ہے۔ ان کی بڑائی کا اندازہ سچ پوچھیے تو ان تحریروں سے ہوتا ہے جو ملک کے باوقار اور قابلِ ذکر اشخاص کی ہیں۔ مثلاً خواجہ غلام السیّدین مرحوم جو خود بھی ایک کامیاب معلم تھے۔ اور جن کی شخصیت ایک حسین اور موزوں ترین مجموعہ تھی جامعیت، کلیت اور انفرادیت کا انھوں نے ذاکر صاحب کے ایک خطبۂ صدارت کو پڑھنے کے بعد انھیں لکھا تھا۔

" حبیب محترم "

ہوائی جہاز کا سفر اور قلم اشک افشاں۔ اس لیے قلم سرمہ سے لکھنے کی معافی چاہتا ہوں۔ اس سفر کے دوران میں علی گڑھ کا خطبۂ صدارت پڑھا۔ خلق الانسان علمہ البیان اور علی گڑھ گزٹ کا ذاکر نمبر۔ دل عقیدت سے لبریز ہے اور آنکھیں پُرنم اور قدرت سے یہ شکایت کہ جب وہ ایسی تخلیق کر سکتی ہے تو ہم جیسے خس و خاشاک پر طبع آزمائی کی زحمت کیوں فرمائی؟

آپ کا

"سیّدین"

۸-۳-۵۷

صفیہ پروین ۔ پبلک فرسٹ ایر

ڈاکٹر ذاکر حسین

"جدید ہندستان کے معمار"

مجھے لمحے نہیں، صدیاں سنیں گی
حفاظت سے میری آواز رکھنا

ڈاکٹر ذاکر حسین ایک عظیم شخصیت تھے۔ عظیم شخصیتیں وہ ہوتی ہیں۔ جو قوموں کی زندگی اور وقت کے دھارے بدل دیتی ہیں۔ ایسی شخصیتوں کی ذاتِ گرامی بہت سی قوتوں کا مجموعہ ہوتی ہے۔ ذاکر صاحب کی شخصیت بھی کچھ ایسی ہی ہمہ گیر تھی۔ وہ ماہر تعلیم بھی تھے اور اعلیٰ منتظم بھی، وہ ایک مدبّر بھی تھے اور سیاست داں بھی، وہ مجسم تہذیب و شرافت بھی تھے اور پیکرِ خلوص و متانت بھی، وہ اعلیٰ خطیب بھی تھے اور بلند پایہ ادیب بھی۔ ان کی زندگی کے کارناموں پر نظر ڈالی جائے تو سب سے بڑی خوبی اُن کا جذبۂ ایثار تھا۔ اسی جذبے نے ان کی شخصیت کو عظیم بنایا اور اسی جذبے نے انھیں منصب جلیلہ تک پہنچایا۔ جو دنیاوی زندگی کا نقطۂ عروج ہے۔ بقول پروفیسر آل احمد سرور ؎

"زمانہ جس کی تلاش میں تھا یہی ہے ہمدم، وہ مردِ داناں
نگاہ جس کی ہے عارفانہ ، مزاج جس کا قلندرانہ
وہ جس کا دستور حق پسندی، وہ جس کا آئین درد مندی
وہ جس کے ایثارِ بیکراں کا، ہے معترف آج تک زمانہ
جلال بھی ہے جمال بھی ہے، یہ شخصیت کا کمال کہیئے
خیال میں بجلیاں پر افشاں، لبوں پر اک دلربا ترانہ" [1]

ذاکر صاحب نہ صرف ایک ذہین اور ہونہار انسان تھے۔ بلکہ جذبۂ ایثار، قومی ہمدردی اور قومی یکجہتی بھی اُن کی شخصیت کے نمایاں پہلو تھے۔ ڈاکٹر یوسف حسین خاں اپنے پی۔ ایچ۔ ڈی کے مقالے میں ذاکر صاحب کی قومی ہمدردی اور قومی یکجہتی کے پہلوؤں کو اس طرح بیان کرتے ہیں۔

"ذاکر میاں نے قومی یکجہتی کے مسئلے پر کافی غور کیا ہے ان کے نزدیک قومی یکجہتی سے ایسا اتحاد مراد نہیں ہے کہ اجزاء کی انفرادیت فنا ہو جائے۔ وہ ہندستان کے مسلمانوں کو قابل قدر سمجھتے ہیں اس لیے کہ وہ قومی ورثے سے جدا نہیں ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ انھیں مسلمانوں کی ذمہ داری کا بھی احساس ہے۔ انھیں ملک و قوم کی خدمت میں اپنے آپ کو دوسروں کے مقابلے میں زیادہ نمایاں کرنا چاہیئے۔ اس کے بغیر وہ اپنی تہذیبی انفرادیت کو حق بجانب نہیں ٹھہرا سکتے۔" ۲۵

ترکی اور اٹلی کی جنگ کے دنوں میں ذاکر صاحب نے اسلامیہ اسکول، اٹاوہ کے ہوسٹل میں یہ تحریک چلائی تھی کہ طلبا گوشت کھانا بند کر دیں اور اس طرح جو روپیہ بچے وہ ترکوں کی مدد کے بھجوایا جائے۔ یہی نہیں وہ جمعہ کے روز نماز کے بعد مسجد کی سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر مظلوم ترکوں کے لیے اپنی ترکی ٹوپی میں چندہ جمع کیا کرتے تھے۔ اکثر مسجدوں میں اس کے لیے تقریریں کرتے تھے۔ خطابت انھوں نے اسی طرح سیکھی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی تقریروں میں گھن گرج کے بجائے نرمی اور شیرینی پائی جاتی تھی۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ ذاکر صاحب کے تعلیمی خطبات میں بھی زبان کی یہی خوبی اور بیان کی یہی قدرت نمایاں معلوم ہوتی ہے۔ حالانکہ یہ خطبات مختلف مواقع کے لیے مختلف لوگوں کے اصرار پر ذاکر صاحب نے تیار کیے تھے۔ لیکن ان میں ہر ایک کا موضوع تعلیم کا کوئی بنیادی مسئلہ، کوئی اہم پہلو ہے اور مجموعی طور پر ان کا مقصد سچّی تعلیم سے روشناس کرانا اور اس کا یقین دلانا ہے کہ وہ کام جسے انجام دینا لوگ ایک خاص سرکاری محکمے کے ملازموں کا منصب سمجھتے ہیں خود ہر انسان کا سب سے بڑا اور سب سے اچھا کام ہے۔ ان تعلیمی خطبات کو پڑھیے تو ایسا محسوس ہوتا ہے۔ کہ ذاکر صاحب کو تعلیم کا پیغمبر بنا کر بھیجا گیا تھا۔ لیکن یہ بے حد افسوس کی بات ہے کہ ان کی امّت نے ہی اس سے روگردانی کی۔ جس کی سزا آج ہم سب کو بھگتنا پڑ رہی ہے۔ بہ الفاظ دیگر اساتذہ کی وہ جماعت جو آج اسکولوں اور کالجوں میں معلّمی کے فرائض انجام دے رہی ہے لیکن بس اس طرح کہ

ع سینہ خالی، آنکھیں ویراں، دل کی حالت کیا کہیئے

ذاکر صاحب نے آج سے چالیس پچاس سال قبل تعلیم کے بارے میں جو کچھ سوچا، جو کچھ کہا اور جو کچھ لکھا

اس سے اُن کا مطلب آنے والی نسلوں کے افراد میں سماجی شعور کو بیدار کرنا اور اخلاق کی تعمیر کرنا تھا۔ ان کا عقیدہ تھا کہ تعلیم اور سماجی زندگی کا رشتہ آپس میں بہت گہرا ہے۔ اور دونوں کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔ فرد کی تعلیم کا مقصد یہ کبھی قرار نہیں دیا جاسکتا کہ ہم اسے اکیلا آدمی تصور کرکے اس کے ذہن کی تربیت میں کوشاں ہوں۔ بلکہ تعلیم کا ایک اعلیٰ مقصد سماجی سیرت کی تشکیل ہے۔ جس کے ذریعہ وہ صرف فرد کی نہیں، انسانیت اور سماج کی بہتری کا کام انجام دے سکتا ہے۔ بقول ذاکر صاحب :۔

"اصلی چیز اور ابتدائی چیز سماج ہے۔ اکیلا آدمی، فرد اس کے سہارے اور اس کے بیے ہوسکتا ہے اور ہوتا ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اکیلا آدمی بطور جانور تو سمجھ میں آسکتا ہے۔ بلکہ پورے انسان کی حیثیت سے، جس کی امتیازی خصوصیت ذہن ہے، اس کا تصور بھی ممکن نہیں۔ ذہنی زندگی تو کسی ذہنی زندگی سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے ذہنی زندگی کے لیے جو اصلی معنوں میں انسانی زندگی ہے، سماج کا وجود لازمی ہے۔" ؎۵

انسانی ہمدردی اور شرافت ذاکر صاحب میں اسکول کے زمانے سے ہی بدرجہ اُتم تھی۔ وہ روزانہ ہوسٹل سے اٹاوہ اسٹیشن، جو قریب ایک کلومیٹر ہے، صرف اخبار خریدنے جایا کرتے تھے، جب وہ اخبار لے کر واپس آتے تو طالب علم ان کے چاروں طرف اکٹھا ہو جایا کرتے تھے اور وہ سب کو اخبار پڑھ کر سنایا کرتے تھے اور اکثر خبروں پر تبصرہ بھی کرتے تھے۔ اس طرح اُن میں اس زمانے کے قومی اور بین الاقوامی مسائل کے متعلق کافی بصیرت پیدا ہوگئی تھی۔ اسی بصیرت کا یہ نتیجہ ہوا کہ ان میں ان معاملات کو سمجھنے کے لیے صحیح جذبات اور احساسات پیدا ہوگئے اور ان کے اندر نہ صرف قومی ہمدردی بلکہ انسانی ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوگیا۔ اگر خدا پرستی ان کا مذہب تھا تو خدمت خلق ان کا ایمان۔ وہ خدمتِ خلق کو عبادتِ الٰہی کا ایک ضروری اور بنیادی جزو سمجھتے تھے ذاکر صاحب کی ایک اور خوبی ان کی انسان دوستی تھی اور انسانی دوستی کی آزمائش اس وقت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص اعلیٰ مرتبہ پر پہنچ جائے اور اس کا سلوک عام انسانوں سے بھی اچھا رہے۔ ذاکر صاحب نے بلند سے بلند تر مقام حاصل کیا۔ لیکن ان کا سلوک معمولی انسانوں سے نہ صرف ہمدردانہ بلکہ فراخ دلانہ بھی تھا۔ جب بھی کوئی مہمان اُن کے یہاں قیام کرتا۔ تو ان کو سب سے زیادہ فکر مہمان کے خادم کی ہوتی تھی۔ وہ براہِ راست خادم سے پوچھتے کہ اسے کوئی تکلیف تو نہیں۔ ان کی اِسی اعلیٰ ظرفی کا اعتراف کرتے ہوئے پروفیسر رشید احمد صدیقی اپنے ایک مضمون میں فرماتے ہیں کہ۔

"ذاکر صاحب ہمیشہ اور ہر حال میں، ہر شخص سے خوش ہو کر عزت و محبت سے ملتے تھے ملنے والے سے کبھی نہ اکتائیں گے۔ کسی بدنصیب کی آبرو ریزی میں دلچسپی لینا درکنار، اس خیال کو بھی ذہن میں نہ آنے دیں گے۔ انھوں نے کبھی احسان نہیں جتایا۔ بظاہر یہ بڑی معمولی بات معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ یہ بڑے ظرف و ضبط کا کام ہے۔" ۵۴

انسانی دوستی کا یہی جذبہ انھیں جامعہ ملّیہ میں باوجود حالات ناساز گار ہوتے کے کام کرنے پر اکساتا رہا۔ یقیناً ایک انسان دوست شخص ہی ان حالات میں جامعہ ملّیہ اسلامیہ جیسے ادارے کو چلا سکتا تھا۔ جب وسائل کا فقدان ہو، اپنوں کی مخالفت اور حکومت کے عتاب کا سامنا ہو، ایسا وہی کر سکتا ہے جسے انسانوں پر اور خود اپنی ذات پر مکمل بھروسہ ہو اور جسے انسانوں سے محبت ہو۔ انسان دوستی کے ساتھ ساتھ بلند اخلاق اور اعلیٰ شرافت بھی ذاکر صاحب کی عظمت کی خصوصیات میں سے تھیں۔ وہ اپنے چھوٹوں سے بھی جس طرح ملتے تھے اس کی مثال بھی بہت کم دیکھنے میں آتی ہے۔ جب بھی ان کے چھوٹے ان سے ملنے جاتے تھے تو وہ انھیں رخصت کرنے کے لیے کمرہ سے باہر تشریف لاتے تھے۔ انھیں حفظ مراتب کا بھی بڑا خیال رہتا تھا۔ بقول سعیدہ صاحبہ:

"ان کی شخصیت کی اہم خصوصیات جو ان کے دل و دماغ پر چھائی ہوئی تھیں اور جسے نہ جاننے والے کبھی کبھی ان کی کمزوری پر محمول کرتے تھے یہ تھی کہ وہ کسی کا دل نہیں دکھا سکتے تھے۔ بات چاہے چھوٹی ہو یا بڑی۔ ان کی خواہش یہ ہوتی تھی کہ کسی کا دل نہ دکھے۔ کوئی آبگینہ ٹوٹ نہ جائے۔ کسی کا دل دکھانا ان کے نزدیک گناہِ عظیم تھا۔

مباش درپے آزار وہرچہ خواہی کن
کہ در شریعت ما غیر ازیں گناہے نیست" ۵۵

اس عظیم شخصیت کا ایک اور وصف انسان زندگی کی قدروں کی صحیح پرکھ میں نمایاں ہوتا تھا وہ ہمیشہ کام اور مقاصد کی قدر و قیمت کا بہت صحیح اندازہ لگا لیتے تھے۔ اسی پرکھ کی بدولت انھوں نے جامعہ ملّیہ میں ایسے ایسے یادگارِ زمانہ نادر جواہر اکھٹا کر لئے تھے۔ جن کو نہ صرف ان کے مقاصد سے دلچسپی تھی بلکہ ذاکر صاحب کی ذات سے بھی عقیدت تھی۔ جامعہ ملّیہ میں ایک مدت تک ایسے معلّم کام کرتے رہے۔ جن کو باہر بہترین مواقع مل سکتے تھے اور نجی زندگی میں اور زیادہ عیش و آرام میسّر آسکتا تھا۔ لیکن ان کے دل میں انھیں قدروں کی لگن تھی اور اسی

عشق کا چراغ روشن تھا۔ جو ذاکر صاحب کے سینے میں فروزاں تھا۔ بقول کسی شاعر کے :۔

یہ نہ سوچو کہ کوئی نقشِ قدم چمکے گا
اپنی منزل پہ پہنچنا ہے تو چلتے جاؤ

ذاکر صاحب نے ۱۹۶۱ء میں جامعہ کے جشنِ سیمیں کے موقع پر اکابرینِ قوم کو خطاب کرتے ہوئے اِن مایہ ناز ہستیوں کی خدمات کو یوں خراجِ عقیدت پیش کیا تھا۔

" جامعہ میں اگر کوئی تعریف کا مستحق ہے تو وہ میں بالکل نہیں ہوں، میرے وہ ساتھی ہیں جو اپنا نام کسی کو نہیں بتاتے اور دن رات ادارے کی خدمت میں جان کھپاتے ہیں۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ ان جیسے کارکن مشکل سے ہی کسی ادارے کو نصیب ہوں گے انھوں نے اس پچیس سال میں بہت کچھ سختیاں اٹھائی ہیں اور کبھی حرف شکایت زبان پر نہیں لائے۔" ۵۶

اس جلسے میں وہ تمام لوگ موجود تھے۔ جن کے اشاروں پر ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ ہونا تھا۔ اور وہ زمانہ تھا جب کہ فرقہ وارانہ جنون نے انسانیت کا چراغ تہہ داماں کر رکھا تھا۔ لہذا ذاکر صاحب نے اپنے خطبے کے دوران معلم کی جس انسان دوستی اور اس کی حق گوئی کا بیان کیا تھا۔ وہ اپنے آپ میں ان کے کردار کی ٹھوس حقیقت تھی۔ انھوں نے اکابرینِ قوم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ :۔

" آپ کی یہاں کی موجودگی سے فائدہ اٹھا کر میں تعلیمی کام کرنے والوں کی طرف سے بڑے ہی دُکھ کے ساتھ چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں آج ملک میں باہمی نفرت کی جو آگ بھڑک رہی ہے۔ اس میں ہمارا چمن بندی کا کام دیوانہ پن معلوم ہوتا ہے۔ یہ آگ شرافت اور انسانیت کی سرزمین کو جھلسے دیتی ہے۔ اس میں نیک اور متوازن شخصیتوں کے تازہ پھول کیسے پیدا ہوں گے؟ ..... خدا کے لیے سر جوڑ کر بیٹھیے اور اس آگ کو بجھائیے۔ یہ وقت اس تحقیق کا نہیں کہ آگ کس نے لگائی، کیسے لگی، آگ لگی ہوئی ہے، اسے بجھائیے۔ یہ مسئلہ اس قوم اور اس قوم کے زندہ رہنے کا نہیں ہے، مہذب انسانی زندگی اور وحشیانہ درندگی میں انتخاب کا ہے خدا کے لیے اس ملک میں مہذب زندگی کی بنیادوں کو یوں کھونے نہ دیجیے۔" ۵۷

ذاکر صاحب خوب سے خوب تر کے متلاشی تھے۔ تعلیم میں فضیلت کوشش یا درجۂ کمال کو پہنچنے کی تڑپ وایک اہم مقصد گردانتے تھے۔ ذاتی زندگی ہو، گرد و پیش ہو، تعلیم ہو، ہر ایک صورت میں یہی اصول ان کے

پیش نظر رہتا تھا۔ انھوں نے جارج کرشین اسٹائینز کی اس بات کو گرہ میں باندھ لیا تھا کہ:۔

"ایک تعلیم یافتہ شخص خود کو کبھی بھی مکمل محسوس نہیں کر سکتا۔ فطرتاً تعلیم کے لیے جدوجہد کرنا صحیح تعلیم کی ایک سچی نشانی ہے۔" ۵۸

ذاکر صاحب ہمیشہ زندگیوں کو سنوارنے اور سماج کو سدھارنے میں لگے رہے۔ انھوں نے جہاں تک اپنی ذات کا تعلق ہے احتساب نفس میں کبھی رعایت نہیں برتی۔ مگر دوسروں کے ساتھ عفو و درگزر کو ہی شعار بنایا۔ ان کی زندگی کے سب سے اہم بائیس ۲۲ سال ایثار و قربانی کی مثال قائم کرنے میں صرف ہوئے اور کم و بیش اتنا ہی زندگی کا آخری حصہ ملک کی بڑی بڑی ذمہ داریاں سنبھالنے میں گزرا۔ جب کہ وہ عظمت و شہرت کے میدان سر کرتے ہوئے بالآخر ملک کے سب سے بڑے عہدے پر فائز ہوئے۔ لیکن خواہ قلندری ہو یا خسروی۔ وہ کبھی اپنے فرائض سے غافل نہیں ہوئے۔ اس معلم، مفکر، دہاتما صوفی اور علم و عمل کے پیکر پر علامہ اقبال کے معزز بزرگ کے یہ اشعار کس قدر صادق آتے ہیں کہ ؎

پرورش پاتا ہے تقلید کی تاریکی میں
ہے مگر اس کی طبیعت کا تقاضا تخلیق

انجمن میں بھی میسر رہی خلوت اس کو
شمع محفل کی طرح سب سے جدا سب کا رفیق

مثل خورشید سحر فکر کی تابانی میں
بات میں سادہ، وآزادی معانی میں دقیق

اس کا اندازِ نظر سارے زمانے سے جدا
اس کے احوال سے واقف نہیں پیرانِ طریق

حواشی

۱ ڈاکٹر ذاکر حسین (سیرت و شخصیت) صفحہ نمبر ۱۱۶ از عبداللطیف اعظمی — ذاکر صاحب کی ادبی خدمات /از پروفیسر آل احمد سرور

۲؎ ڈاکٹر ذاکر حسین (خراج عقیدت) صفحہ نمبر ۳۴ ذاکر میاں از ڈاکٹر یوسف حسین خاں
از ڈاکٹر تارا چند

۳؎ ذاکر صاحب کے تعلیمی خطبات صفحہ نمبر ۶۱
از باقر مہدی
(کتاب نما مئی ۱۹۸۳ء)

۴؎ موجۂ گل سے چراغاں ہے گزرگاہِ خیال
از پروفیسر رشید احمد صدیقی
(نذر ذاکر از ڈاکٹر تارا چند)

۵؎ ذاکر صاحب کی کہانی صفحہ نمبر ۸۶
از سعیدہ خورشید عالم

۶؎ جامعہ کے پچیس سال : تعلیمی خطبات ۱۹۶۱ء صفحہ نمبر ۲۵۹
از ڈاکٹر ذاکر حسین

۷؎ جامعہ کے پچیس سال : تعلیمی خطبات صفحہ نمبر ۲۵۷
از ڈاکٹر ذاکر حسین

۸؎ نظریۂ تعلیم : حصہ دوم :
از جارج کرشین اشائیز صفحہ نمبر ۱
مترجم : ڈاکٹر قاضی عبدالحمید

افسانہ بیگم
بی۔ ایڈ

ڈاکٹر ذاکر حسین

"شخصیت اور سیاست"

ڈاکٹر ذاکر حسین کی "شخصیت اور سیاست" یہ ایک اہم موضوع ہے۔ جب یہ موضوع ہمارے ذہن میں آتا ہے تو سب سے پہلے یہ سوال اُبھرتا ہے کہ شخصیت کیسے کہتے ہیں؟

شخصیت ان جسمانی اور اخلاقی صفات کا ایک ہم آہنگ مجموعہ ہے جن کی بدولت کوئی شخص عام لوگوں سے امتیاز حاصل کرتا ہے اور ان پر اثر انداز ہوتا ہے۔ یہ بات تو شخصیت کی تعریف ہی میں داخل ہے کہ وہ اپنے ماحول پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ایک جگہ اکبرؔ نے کہا ہے کہ۔

"مرد وہ ہیں جو زمانے کو بدل دیتے ہیں ـــــ" [1]

اور اقبالؔ نے جو شخصیت کو جسے وہ خودی کہتے ہیں خدائی کی حد کے قریب قریب پہنچا دیا ہے۔ مگر ایسے لوگ بھی ہیں جن کے نزدیک شخصیت سراسر اپنے زمانے یا ماحول کی پیداوار ہوتی ہے۔ عام طور پر تصوریت (IDEALISM) کے علم بردار اس کے قائل ہیں کہ شخصیت اپنے ماحول پر غیر محدود اثر ڈال سکتی ہے اور بہت بڑی شخصیتیں واقعی قوموں کی زندگی اور زمانے کے دھارے کو بدل سکتی ہیں۔

اس سرزمین پر کچھ ایسی شخصیتیں بھی رونما ہوئی ہیں جو تعلیمی، سیاسی، سماجی ـــ ہر میدان میں ممتاز حیثیت کی مالک ہیں اور جو کھری شخصیتوں کے مانند ہیں۔ ان کھری شخصیتوں میں سب سے قابلِ اہم نام جو ہماری توجہ

---

[1] ذاکر صاحب کی کہانی۔ سعیدہ خورشید عالم۔ صفحہ ۲۰۔

کو مرکوز کرتا ہے وہ ڈاکٹر ذاکر حسین کا ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین ۸ / فروری ۱۸۹۷ء کو حیدر آباد میں پیدا ہوئے۔ ان کا بچپن حیدر آباد میں گزرا اور وہ اپنے گھر کی چہار دیواری میں پلے بڑھے لیکن ریاست کی جاگیردارانہ آب وہوا سے متاثر نہیں ہوئے۔ طالب علمی کے زمانے میں ڈاکٹر ذاکر حسین بہت ہر دلعزیز تھے۔ ان کی تعریف کرنے والوں میں کسی کو گمان نہیں تھا کہ ان میں علم حاصل کرنے کا کوئی حوصلہ ہے۔ ان کی شخصیت میں بڑی کشش تھی ان کی گفتگو پر لطف تھی وہ بحث میں تیز تھے۔ ذاکر صاحب کی طالب علمی کی زندگی کے بہت سے رُخ ہیں اور ان کو ایک ہلکے خاکہ میں دکھا دینا ایسا ہی دشوار ہے جیسے ایک قیمتی نگینہ کے سب پہلوؤں کا ایک جھلک میں اندازہ کرلینا۔ ان کے ایک بہت گہرے اور بہت ہی قریبی دوست پروفیسر رشید احمد صدیقی ۔۔ کی تحریروں سے ان کی جو شکل ابھرتی ہے وہ کچھ اس طرح ہے کہ ۔۔

" ایک نوجوان ہے، نرم مزاج، لاابالی، بلا کا ذہین، مگر ذہانت اس کی دل نواز معصومیت کے پردہ میں چھپی ہوئی ہے۔ کھانے سے بے انتہا رغبت ہے باتیں کرنے میں مزے لیتا ہے، برتاؤ کرتا ہے تو انوکھا اور اپنے اوصاف سے پورے ماحول کو گرما دیتا ہے۔ کھانے کی دعوت میں جاتا ہے تو احباب سے فرمائش کرتا ہے کہ اسے تین منٹ پہلے کھانا شروع کرنے کی اجازت دی جائے، مگر وہ "نہیں نہیں" کا شور مچاتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اسے پہلے کھانا شروع کرنے کا موقع دیا گیا تو وہ سب کے سب بھوکے رہ جائیں گے۔ "[۱]

ذاکر صاحب کی شخصیت کا یہ ایک رخ ہے ان کی شخصیت بڑی نرالی ہے۔ جس کا دوسرا رُخ بھی پیش کرنا بہت ضروری ہے۔ وہ یہ ہے کہ ان کی شخصیت میں مرکزی اور بنیادی حیثیت جو انسان دوستی کو حاصل ہے۔ انسان دوست شخصیت دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک مرشد و معلم کی دوسرے مصلح و مجاہد کی۔ اس میں مرشد و معلم کی سب سے اہم ہے۔ ذاکر حسین کی انسان دوستی اب تک مرشد و معلم کی شان رکھتی ہے۔ وہ انسان کو فرد کی حیثیت سے دیکھتے ہیں، اس کی روح سے محبت رکھتے ہیں اور اسے تعلیم وہدایت کے ذریعے سنوارنا چاہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔

[۱] ڈاکٹر ذاکر حسین ۔ محمد مجیب ۔ صفحہ ۱۸ - ۱۷

"اچھے مسلمان پیدا کرو، اچھی اسلامی جماعت پیدا ہوگی، اچھے ہندستانی بناؤ اچھا ہندستانی بن جائے گا، لیکن وہ اس بات کو نظر انداز کر دیتے ہیں کہ معلّم کا مدرسہ ہو یا مرشد کی خانقاہ، دونوں کا اثر فرد کی تعلیم و ہدایت میں محدود رہے۔ دوسرے اجتماعی ادارے، خاندان، طبقہ، قوم، مذہب رسم و رواج اگر الگ الگ نہیں تو مل کر انسانی شخصیت کی تشکیل میں کہیں زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔" [1]

ذاکر حسین کی زیادہ یہ کوشش تھی کہ تعلیم کے ذریعہ قوم کی پستی کو اوپر اٹھانا تھا۔ جس کی کشش ان میں بچپن سے ہی تھی۔ وہ بچپن سے ہی قومی تعلیم کو آگے بڑھانے کے خواہاں تھے۔ انھوں نے اپنی بچپن کی تعلیم اٹاوے میں حاصل کی۔ اور پھر آگے تعلیم کے لیے ۱۹۱۳ء میں علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی چلے آئے۔ اور طالب علمی کے زمانے سے ہی وہ بیشتر جلسوں میں شرکت کرتے اور اکثر تقریریں کرتے رہے۔ اور یہاں تک کہ ۱۹۱۷ء میں یونین کے وائس پریسیڈنٹ منتخب ہو گئے۔ ۱۹۱۷ء میں ہی انھوں نے "ہندستان میں مسلمانوں کی تعلیم" کے موضوع پر ایک مقالہ لکھا اور سو روپے کا انعام حاصل کیا۔ اور دو سال کے بعد اقبال میڈل پایا اور پھر گورنمنٹ کا اسکالرشپ حاصل کیا۔ ذاکر حسین صاحب کچھ سالوں تک علی گڑھ میں رہے اس کے بعد ۱۹۲۰ء میں جب جامعہ ملیہ اسلامیہ وجود میں آئی تو ذاکر صاحب بھی دہلی آگئے۔ اور جامعہ کی ترقی اور نشو و نما کے لیے لگے رہے۔ وہ قومی تعلیم کے ایک گم نام خادم اور ایک چھوٹے سے تعلیمی ادارے کے سربراہ تھے۔ ایک بار ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے اپریل ۱۹۴۱ء میں جامعہ ملیہ میں بنیادی تعلیم کی دوسری کانفرنس کے موقع پر سیاسی رہنماؤں کے سامنے ایک تقریر کی تھی جس میں یہ اپیل کی تھی۔

"خدا کے لیے اس ملک کی سیاست کو سدھاریے اور جلد سے جلد ایسی ریاست کی طرح ڈالیے جس میں قوم، قوم پر بھروسہ کر سکے، کمزوروں کو زور آور کا ڈر نہ ہو، غریب، امیر کی ٹھوکر سے بچا رہے۔ جس میں تمدّن، تمدّن امن کے ساتھ پہلو بہ پہلو پھول پھل سکیں اور ہر ایک سے دوسرے کی خوبیاں اجاگر ہوں۔ جہاں ہر ایک وہ بن سکے جس کے بننے کی اس میں صلاحیت ہے اور وہ بن کر اپنی ساری قوّت کو اپنے سماج کا چاکر جانے۔ میں جانتا ہوں کہ ان باتوں کا

[1] ڈاکٹر ذاکر حسین۔ "شخصیت اور سیرت"۔ عبد اللطیف اعظمی۔ صفحہ ۲۴

کہہ دینا سہل ہے اور کرنا کسی ایک آدمی کے بس کی بات نہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ آج یہ بات ہمارے سیاسی رہنماؤں کے ہاتھوں میں اتنی ہے جتنی پہلے کبھی نہ تھی کہ کچھ سمجھ کر کچھ سمجھا کر، کچھ مان کر کچھ منوا کر ایسی ریاست کی نیو رکھ دیں۔ جب تک یہ نہیں ہوتا ہے ہم تعلیمی کام کرنے والوں کا حال قابل رحم ہے۔ ہم کب تک اس سیاسی ریگستان میں ہل چلائیں کب تک شبہے اور بدگمانی کے دھوئیں میں تعلیم کو دم گھٹ گھٹ کر سسکتے دیکھیں۔ کب تک ہم اس ڈر سے تھرّاتے رہیں کہ ہماری عمر بھر کی محنت کو کوئی ایک سیاسی حماقت، کوئی ایک سیاسی ضد بھسم کر دے گی۔ ہمارا کام بھی کوئی پھولوں کی سیج تو ہے نہیں، اس میں بھی بہت مایوسیاں ہوتی ہیں اور اکثر دل ٹوٹتا ہے۔ پھر جب ہمارے قدم ڈگمگائیں تو ہم کہاں سہارا ڈھونڈیں؟ کیا ایسے سماج میں جہاں بھائی ایک دل نظر نہیں آتے، کوئی قدر آخری قدر نہیں معلوم ہوتی۔ جس میں کوئی گیت نہیں جو سب مل کر گائیں، کوئی تہوار نہیں جو سب مل کر منائیں، کوئی شادی نہیں جو سب مل کر رچائیں۔ کوئی دکھ نہیں جو سب مل کر بٹائیں۔ ہماری یہ مشکل دور کیجیے اور جلد کیجیے اب بھی بہت دیر ہو چکی ہے اور دیر نہ جانے کیا دن دکھلائے۔" [1]

ڈاکٹر ذاکر حسین کچھ سالوں تک جامعہ ملّیہ اسلامیہ کی خدمت کرتے رہے ۱۹۴۷ء میں کانگریس اور مسلم لیگ کے رہنماؤں کو، جب کہ ان میں شدید کشمکش تھی اور ایک دوسرے کی صورت دیکھنا بھی گوارا نہیں تھا۔ ذاکر حسین کی محبوب شخصیت نے جامعہ کے پلیٹ فارم پر اکٹھا کر دیا۔ اس طرح یہ ذاکر حسین کی شخصیت کی سحر کاری کہہ سکتے ہیں یا پھر ان کے ارادوں اور مقاصد کا خلوص، جو اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتا۔ ویسے ڈاکٹر ذاکر حسین انڈین یونیورسٹیز کمیشن کے ممبر وہ ۱۹۴۸ء سے چلے آرہے تھے۔ ۱۹۵۰ء میں ذاکر حسین صاحب نیشنل کمیٹی کے چیئرمین منتخب ہوئے۔ ۱۹۵۲ء میں پریس کمیشن کے ممبر نامزد ہوئے۔ اپریل ۱۹۵۲ء میں وہ راجیہ سبھا کے ممبر نامزد ہوئے اور اپریل ۱۹۵۶ء میں دوبارہ ممبر نامزد ہوئے۔ ۱۹۵۷ء میں بہار کے گورنر ہوتے کے تھوڑے دنوں بعد اس سے استعفیٰ دے دیا۔ اس کے بعد ۱۹۶۲ء میں نائب صدر کی حیثیت سے انتخاب کیا گیا۔ ۱۹۶۴ء میں الجیریا، مراکش خیرسگالی مشن پر گئے۔ اور کویت سعودی عرب، جارڈن، ترکی اور یونان مئی و جون ۱۹۶۵ء میں پہنچے۔ وزیر اعظم نہرو کا ۲۷ مئی ۱۹۶۴ء میں انتقال ہوا سیاسی نظام ایک دم بکھر سا گیا۔ ذاکر حسین صاحب کو اس خبر کو سن کر بہت افسوس ہوا۔ اور ذاکر حسین نہرو کی

---

[1] ڈاکٹر ذاکر حسین "شخصیت اور سیرت"۔ عبداللطیف اعظمی۔ صفحہ ۱۴۸ - ۱۴۹

ملی برسی میں شامل ہوئے اور اس کی صدارت کی ۔ ۱۹۶۶ء میں لال بہادر شاستری دوسرے وزیراعظم بنائے گئے ۔ ۱۹۶۷ء میں صدر کا چناؤ کا الیکشن ہوا جس میں ذاکر حسین کا بھی نام تھا ۔ اور ذاکر حسین صاحب اس چناؤ میں ایک لاکھ ووٹوں کی اکثریت سے منتخب ہو گئے ۔ اور ۱۳ مئی ۱۹۶۷ء کو پارلیمنٹ کے سنٹرل ہال میں حلف وفاداری اٹھایا ۔ شری وی ، وی گری نائب صدر منتخب ہوئے ۔

ڈاکٹر ذاکر صاحب کی شخصیت ایک واحد اور نرالی شخصیت تھی ۔ دراصل ان کی شخصیت میں کوئی کایا پلٹ نہیں ہوتی تھی ۔ ایسا نہیں ہوا کہ وہ پہلے ایک زندہ دل نوجوان تھے اور بدل کر جوشیلے نیشنلسٹ ہو گئے یا جوشیلے نیشنلسٹ تھے اور ایسے معلم ہو گئے کہ جیسے تعلیم کے سوا دنیا کے کسی معاملے سے مطلب نہ ہو ، یا معلم تھے اور بدل کر ایک ناخدا بن گئے ، جو اپنے چھوٹے سے ادارے جامعہ ملیہ کو سیاسی طوفان میں سے بچا کر نکال لائے گورنر ہونے کے بعد یا وائس پریسیڈنٹ منتخب ہونے کے بعد وہ اور سب کچھ بھول کر حکومت کے ایک ممتاز رکن نہیں بن گئے ۔ ان کی زندگی ایک سیدھا سادا معاملہ ہے ۔ قدرتی صلاحیتوں کی بنا پر بیج کے پودے اور پودے کے درخت بنے ۔

ذاکر حسین نے یہ سوچا تھا کہ اپنی عمر کے بہترین سال قومی تعلیم کے لیے وقف کر دے گے ۔ لیکن کچھ حالات کی وجہ سے وہ ایسا نہیں کر سکے ۔ ذاکر حسین سیاست میں آنے کے بعد عوام کو قومی تعلیم کا درس دیتے رہے ۔ اور ان کا یہ ارمان یہ خواہش کہ ہمارے ملک کی زیادہ سے زیادہ قوم زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کرے ۔ ان کا کہنا ہے کہ ـــ تعلیم ہی کسی قوم کو زندگی کا سب سے اہم مقصد عطا کر سکتی ہے ـــ بقول غالب ۔

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے میرے ارمان پھر بھی کم نکلے

ثریا پروین بی۔ایڈ

ڈاکٹر ذاکر حسین — ایک مطالعہ

جو عالم ایجاد میں ہے صاحبِ ایجاد
ہر دور میں کرتا ہے طواف اس کا زمانہ
تقلید سے ناکارہ نہ کر اپنی خودی کو
کر اس کی حفاظت کہ یہ گوہر ہے یگانہ

قدرت انسانوں کے معاملے میں کبھی اپنی جزرسی کا اظہار کرتی ہے۔ کبھی فیاضی کا۔ بیشتر انسان تو دل ودماغ کے اعتبار سے اس قدر گھٹیا ہوتے ہیں۔ کہ ان سے وجود کی مصلحت کو سمجھنا ہی مشکل ہے۔ لیکن کبھی کبھی قدرت بعض انسانوں کو ایسی فیاضی کے ساتھ نوازتی ہے، اور اپنے خزانے اِن پر بے دریغ نچھاور کرتی ہے۔ کہ عقل حیرت میں رہ جاتی ہے۔ اور ایمانی لو، زیادہ تیز ہوجاتی ہے۔ ایسے لوگوں کو دیکھ کر احساس ہوتا ہے کہ قدرت کے سامنے انسان کا کس قدر بلند تصوّر ہے۔

اس کم مایہ انسان میں وہ حیرت ناک امکانات موجود ہیں۔ جن کا جلوہ ہمیں کبھی کبھی بعض خاصانِ خدا کی ذات میں نظر آجاتا ہے۔ ان کو دیکھ کر ہمیں اس مدو افلاک سے بلند تر منزل کا سراغ ملتا ہے۔ جس کی طرف بڑھنے کی کوشش انسان ٹمٹماتی آنکھوں اور لڑکھڑاتے قدموں سے کرتا رہتا ہے۔ لیکن یہ راستہ اس قدر صبر آزما اور دشوار گزار ہے کہ ہزاروں مسافر ہر ہر قدم پر تھک کر رہ جاتے ہیں۔ صرف وہ تھوڑے سے لوگ اس منزل کے قریب پہنچ پاتے ہیں۔ جن کو تائید الٰہی حاصل ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین جیسے شخص کا شمار بھی ایسے لوگوں میں ہوتا ہے۔ جن کو قدرت نے صورت اور سیرت، دل اور دماغ شرافت اور دیانت، دوستی اور قیادت کی غیر معمولی صفات سے نوازا ہے۔ گویا یہ صفات ایک انسانی پیکر میں اس طرح ضم ہیں۔ جس طرح ہلال کی تنگ نائے میں بدر کامل کا جمال جہاں آرا پوشیدہ ہے۔ لیکن ان کی سادگی کو دیکھ کر یہ اندازہ نہیں ہو پاتا تھا کہ یہ شخصیت کتنی عظیم اور کتنی بلند ہے۔

(۱) ڈاکٹر ذاکر حسین ۱۸۹۷ء میں حیدرآباد دکن میں پیدا ہوئے ان کے والد فدا حسین خاں ضلع فرخ آباد (یو۔ پی) کے مشہور قصبے قائم گنج کے رہنے والے تھے۔ اور حیدرآباد میں وکالت کرتے تھے۔ قائم گنج کے پٹھان صدیوں سے سپہ گری کا پیشہ اختیار کیے ہوئے تھے۔ محمد شاہ کے زمانے میں اس علاقہ میں افغانوں کی وسیع پیمانے پر تیسری آبادکاری ہوئی۔ آفریدیوں اور بنگشوں کے بہت سے خاندان آباد ہوئے۔ محمد خاں بنگش نے اپنے بیٹے قائم خاں کے نام پر قائم گنج آباد کیا۔ ذاکر حسین صاحب کے مورث اعلیٰ حسین خاں جو مدھ آخون (بڑے استاد) کے لقب سے مشہور تھے۔ اسی زمانے میں ہندستان آئے۔ یہ صوفی باصفا تھے۔ اور اپنے زمانے کے مشہور عالموں میں سے ان کے ہاتھ پر قائم گنج کے پٹھانوں نے بیعت کی تھی۔ ان کا مزار قائم گنج کے قدیم قبرستان نند دخاں میں ہے۔ ان کے بعد ان کی اولادوں نے سپہ گری کا پیشہ اختیار کیا۔ جو نسل در نسل چلتا رہا۔ ذاکر صاحب کے دادا غلام حسین خاں نے اپنی عمر کے آخری حصہ میں یعنی جب پنشن یافتہ ہوئے تو کاشتکاری اور باغات لگانے کا کام شروع کر دیا۔ غلام حسین خاں نہایت وجیہہ اور باوقار آدمی تھے اگرچہ دولت مند نہ تھے۔ لیکن دولت مندوں سے اپنی عزت کرانا جانتے تھے۔

ذاکر حسین صاحب کے والد فدا حسین خاں قائم گنج کے تحصیلی اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۸۸۶ء میں تلاشِ روزگار میں حیدرآباد چلے گئے۔ یہاں پر انھوں نے مرادآبادی برتنوں کی تجارت شروع کی۔ یہاں ایک وکیل صاحب سے ذاتی تعلقات کی بنا پر وکالت کا شوق پیدا ہوا۔ کچھ دوستوں کے اصرار پر وکالت کا امتحان دیا۔ جس میں اوّل درجہ کامیابی حاصل کی۔ پھر انھوں نے تجارت چھوڑ کر وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ اورنگ آباد میں دفتر کھول لیا۔ یہیں سے انھوں نے ایک رسالہ جاری کیا۔ جس میں حیدرآباد ہائی کورٹ کے نظائر شائع ہوئے تھے۔ "آئین دکن" کے نام سے یہ رسالہ عرصہ تک جاری رہا۔ پھر جب کافی شہرت پالی تو حیدرآباد چلے گئے۔ اور بیگم بازار میں دفتر قائم کر لیا۔ فدا حسین خاں صاحب کی سات اولادیں تھیں۔ سب لڑکے تھے۔ ان لڑکوں میں سب سے نمایاں ذاکر حسین خاں صاحب کی ذات شریف تھی۔

ذاکر حسین ۱۹۰۷ء میں تعلیم کے لیے اٹاوہ کے اسلامیہ ہائی اسکول میں بھیج دیے گئے۔ ۱۹۱۳ء میں ذاکر حسین ایم۔ اے۔ او کالج (جو اب مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ ہے) علی گڑھ میں داخل ہوئے انٹرمیڈیٹ انھوں نے سائنس میں پاس کیا۔ اور ۱۹۱۵ء میں بی۔ ایس۔ سی کا امتحان دینے کے لیے لکھنؤ کرسچین کالج میں داخل ہوئے۔ تاکہ میڈیکل کالج میں داخلہ لے سکیں۔ لیکن شدید علالت کی وجہ سے اس ارادہ کو ترک کر کے پھر علی گڑھ واپس آ گئے۔ اس طرح اُن کا ایک سال بیکار ہو گیا۔ پھر انھوں نے ۱۹۱۸ء میں بی۔ اے اور ۱۹۱۹ء میں اقتصادیات کے مضمون میں ایم۔ اے پری ویئس کیا۔ ایم اے کی تیاری کے ساتھ ساتھ ذاکر حسین اقتصادیات شعبہ میں جونیئر لیکچرار کے فرائض انجام دیتے رہے تھے۔ کہ علی گڑھ میں ترکِ موالات کا زلزلہ آیا۔ ۱۹۲۰ء میں جب گاندھی جی اور مولانا آزاد نے علی گڑھ کے طلبا کو ترکِ موالات کی دعوت دی تھی۔ اور مولانا محمد علی نے شیخ الہند مولانا محمود الحسن کے دستِ مبارک سے جامعہ ملّیہ کا افتتاح کرایا تھا۔ تو یہ خیموں پر مشتمل درس گاہ تھی۔ ذاکر صاحب ایم۔ اے۔ او کالج چھوڑ کر خیموں کی بستی میں آ گئے۔ دو سال تک جامعہ ملّیہ اسلامیہ کی تعمیر میں مولانا محمد علی جوہر کا ہاتھ بٹانے کے بعد ۱۹۲۲ء میں ذاکر صاحب معاشیات کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے برلن پہنچ گئے۔ ۱۹۲۶ء میں ذاکر صاحب جرمنی سے ڈاکٹر ذاکر حسین بن کر لوٹے۔ اس وقت جامعہ کی حالت ٹھیک تھی۔ لیکن جب ۱۹۲۷ء میں حکیم اجمل خاں صاحب کا انتقال ہوا۔ تو جامعہ ملّیہ کا چلنا قریب قریب ناممکن نظر آتا تھا۔ حکومت کے عتاب کے باوجود جامعہ ملّیہ کو چلانا ہر ایک کا کام نہیں تھا جو ایثار ذاکر صاحب نے جامعہ ملّیہ کے لیے کیا وہ روزِ روشن کی طرح عیاں ہے۔ ان دنوں ذاکر صاحب کو قریب قریب سبھی قومی لیڈروں سے سابقہ رہا۔ لیکن ان کی شخصیت پر قابل ذکر اثر صرف حکیم اجمل خاں اور مہاتما گاندھی کا پڑا۔ حکیم اجمل خاں کے خلق و مروت، صبر و قناعت کا اور گاندھی جی کی خلق بینی، حق شناسی، حق گوئی اور ہمہ گیر انسانیت نے انھیں کندن بنا دیا۔

۱۹۴۷ء سے ۱۹۴۸ء تک کا زمانہ ذاکر صاحب کے لیے بڑی آزمائش کا زمانہ رہا ہے۔ ۱۹۴۷ء کے بعد تین سال ذاکر صاحب کے لیے سخت روحانی کرب اور شدید جسمانی اور دماغی محنت کے تھے۔ اس عرصہ میں انھیں دلی کے مسلمانوں کی تباہی، اضطراب، مایوسی، ہراس، مصیبت، آزردگی، طیش کے جگر خراش مناظر دیکھنے پڑے۔ دوران سب کی یکساں خدمت کرنے والے مردوں اور عورتوں کے ساتھ اُن تھک کام کرنا پڑا۔

انھیں دنوں انھیں جامعہ ملّیہ کو اپنے معتمد ساتھیوں کے سپرد کر کے علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کو اندرونی

اور بیرونی بیشمار خطروں سے بچانے کی جدوجہد کرنی پڑی۔ ۱۹۵۰ء سے ۱۹۵۱ء تک کے وقفہ میں ذاکر صاحب نے اپنا سارا وقت اور توجہ مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کی خدمت میں صرف کیا۔ ۱۹۵۱ء سے ان مصروفیتوں کا دائرہ بڑھ گیا۔ ہندستانی پارلیمنٹ کے ایوان بالا، یونی ورسٹی گرانٹس کمیشن اور اسی طرح کی بے شمار عارضی اور مستقل مجلسوں کی رکنیت، انجمن ترقی اردو (ہند) اور عثمانیہ یونی ورسٹی کی تنظیم نو کمیٹی کی صدارت، ان کے وقت کا بہت سا حصہ لیتی تھیں۔ ۱۹۵۹ء میں وہ علی گڑھ کی وائس چانسلری سے استعفیٰ دے کر کچھ دن خانہ نشین رہے اور پھر سوئزرلینڈ اور جرمنی میں علاج کراتے رہے۔ ۱۹۵۷ء میں پنڈت جواہرلال نہرو کے کہنے پر بہار کے گورنر ہو کر پٹنہ پہنچ گئے۔ ۱۹۶۲ء میں وہ جمہوریۂ ہند کے نائب صدر اور پارلیمنٹ کے ایوانِ بالا کے میرمجلس مقرر ہوئے۔ ۱۹۶۷ء میں صدر جمہوریہ ہند کے اہم عہدے کے لیے ان کا انتخاب کر لیا گیا تھا۔ انھوں نے صدر کے عہدے پر اپنے فرائض بڑے خوش اسلوبی اور نیک نیتی سے انجام دیے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کی وفات ۳؍مئی ۱۹۶۹ء کو ہوئی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین ایک ممتاز ماہر تعلیم کی حیثیت سے زیادہ جانے اور پہچانے جاتے ہیں۔ ان کی عمر کا بیشتر اور بہترین زمانہ تعلیم کی نذر ہوا۔ جدید ہندستانی تعلیمی نظام کی تشکیل و تعمیر میں اُن کے تعلیمی افکار کو بجا طور پر بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس موضوع پر ذاکر صاحب کے "تعلیمی خطبات" تعلیمی حلقوں میں مشہور و معروف ہیں۔ ان کی ایک کتاب (THE DYNAMIC UNIVERSITY) انگریزی میں ہے۔ جو تخلیقِ فکر کا قابلِ قدر نمونہ ہے۔ دراصل ذاکر حسین صاحب کو جرمنی کے قیام کے دوران جلا ملی۔ جو انھوں نے وہاں گہرے مشاہدے اور مطالعے سے حاصل کی۔ وہاں ان کی شخصیت پر دو عالموں کا گہرا اثر پڑا۔ جن میں ایک جرمنی کے مشہور آدمی KERCHAN STEINAR تھے۔ اور دوسرے مشہور عالم سوئستانی ماہر تعلیم PESTALOZZY تھے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین میں امتیازی شان یہ تھی کہ وہ جہاں تعلیم کے بنیادی اصولوں اور قدروں کی غیر معمولی پرکھ رکھتے تھے۔ وہیں ان میں یہ صلاحیت اور سلیقہ بھی تھا۔ کہ وہ ان کو عملی جامہ پہنا سکیں۔ ان کا بنیادی تصور تھا۔ کہ فرد اور جماعت میں گہرا رشتہ ہے۔ ذاکر صاحب نے اپنے خطبات میں بار بار اس بات پر زور دیا ہے۔ کہ تعلیم کو جماعتی تہذیب و تمدن اور اس کے مادی اور غیر مادی خزانوں سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ کیونکہ انسانی ذہن کو اپنی تربیت کے لیے جس غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اسے جماعت کے تمدن اور اسی کی مادی اور غیر مادی تحصیلات ہی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اس وقت ہندستان اپنے روائتی علم کا پجاری تھا۔ جہاں ہاتھ کے کام کو اکثر ذلیل سمجھا

تھا۔ پہلے ذات پات کی تقسیم اسی بنیاد پر قائم تھی۔ ایسے وقت میں اس اسکیم کو عملی جامہ پہنانا بہت دشوار محسوس ہونا تھا۔ کہدینا الگ بات تھی۔ لیکن اس پر عمل مشکل تھا۔ لیکن ذاکر صاحب نے خود جامعہ ملیہ میں اس کی داغ بیل ڈالی جس وقت انھوں نے اس خیال کو پیش کیا۔ ان کے بہت سے ہم عصر اس اسکیم کے موافق تھے۔ اس کی وضاحت اپنے علم اور تجربے کی بنیاد پر ذاکر صاحب اس طرح پیش کرتے ہیں:۔

"ایک واقفیت وہ ہوتی ہے۔ جس کے لیے دوسرے کام کرتے ہیں، ہمیں بیٹھے بٹھائے مل جاتی ہے۔ خبر کی حیثیت سے ایک واقفیت ہوتی ہے۔ جو ذاتی کاوش اور ذاتی تجربے سے ہوتی ہے۔ جزو ذہن بنتی، ذہن کو روشن کرتی، اس میں نظر پیدا کرتی ہے .... روایتی خبر علم بے جان ہوتا ہے۔ اور بے نور، اس سے نہ دماغ کو روشنی نصیب ہوتی ہے، نہ روح کو بالیدگی، اکثر یہ نفس کی عیب پوشی کے لیے ایک خوش نما پردہ ہوتا ہے یا ایک خالی ظرف پر چڑھا ہوا چمڑا۔ آواز بہت دیتا ہے۔ اور اندر سے ہوتا ہے کھوکھلا۔ تجربے سے حاصل کیا ہوا علم انکسار پیدا کرتا ہے۔ اور ذہن کو تربیت دیتا ہے۔ روح کی پرورش کرتا ہے۔ اور ہمیشہ آگے بڑھنے کی طاقت بخشتا جاتا ہے۔ .... جس جماعت میں بہت بڑی اکثریت ہاتھ کے کام کو اپنا اہم شغل بنانے پر مجبور ہے۔ اس کی تعلیم گاہوں اور تربیت کے اداروں کو ہاتھ کے کام کی ہوا نہ لگنے دینا، کہاں کی دانش مندی ہے، سچ یہ ہے کہ قومی زندگی سے ایسی دوری اور اس کے واضح مطالبوں سے ایسی دوری اور اس کے واضح مطالبوں سے ایسی بے اعتنائی اسی وقت ممکن ہے۔ جب یہ مدرسے گنتی کے چند خود غرضوں کو اوپر بڑھانے اور اپنی جماعت کے سوادِ اعظم سے الگ کرنے کا ذریعہ ہوں۔"

اور پھر ایک اور جگہ اپنے بنیادی تعلیمی نظریے کے تحت کام کی اخلاقی سماجی، اور عملی اہمیت کو جس خوبصورتی کے ساتھ ذاکر صاحب اپنے خطبے میں بیان کرتے ہیں۔ بہت مشکل سے اس کی مثال ملے گی۔

"جو اپنی ہی غرض کا کام کرتا ہے، وہ ہنر مند ضرور ہو جاتا ہے۔ مگر تعلیم یافتہ نہیں ہوتا جو قدروں کی خدمت کرتا ہے، وہ تعلیم پا جاتا ہے۔ قدر کی سیوا میں آدمی کام کا حق ادا کرتا ہے اپنا مزہ نہیں ڈھونڈھتا، اس سے وہ آدمی بنتا ہے، اپنا اخلاق سنوارتا ہے.... ..... کام کی یہ صفت ہاتھ کے کام میں ہو سکتی اور دماغ کے کام میں بھی اور ہاتھ کے کام

میں بھی اس سے خالی ہوسکتا ہے۔ اور دماغ کا بھی کام کو تعلیم کا ذریعہ بنانے والوں کو ہردم یاد رکھنا چاہیئے کہ کام بے مقصد نہیں ہوتا کام ہر نتیجے پر راضی نہیں ہوتا، کام کچھ کر کے وقت کاٹ دینے کا نام نہیں، کام خالی دل لگی نہیں، کام کھیل نہیں، کام کام ہے، بامقصد محنت ہے کام دشمنی کی طرح اپنا محاسبہ کرتا ہے پھر اس میں پورا اُترتا ہے۔ تو وہ خوشی دیتا ہے جو کہیں نہیں ملتی، کام ریاضت ہے، کام عبادت ہے۔"

ڈاکٹر ذاکر حسین کی عظمت کا راز اسی میں ہی پوشیدہ ہے کہ انھوں نے عمر بھر کام کیا۔ اور اعلیٰ قدروں کی سیوا میں کام کیا ہے۔ اور اس وجہ سے ان کے کام کی اہمیت بہت بلند ہوگئی ہے۔ ورنہ صرف کام کرنے سے خواہ کتنا ہی اُن تھک کیوں نہ ہو۔ کوئی انسان اخلاقی بلندی تک نہیں پہنچ سکتا۔ ذاکر صاحب کی نظر میں تعلیم کا سب سے بڑا، سب سے اہم، سب سے بلند مقصد یہ تھا کہ وہ نوجوانوں کو سیوا کی زندگی کے لیے تیار کرے۔ اور اس غرض پرستی اور تنگ نظری کے خلاف جہاد کرے۔

ذاکر حسین کا مذہبی تصوّر بھی دوسرا ہے۔ وہ اسلامی درس گاہوں کی ناقص تعلیم پر بھی اعتراض کرتے ہیں ان کا کہنا ہے۔

"مذہب جو کہ صدیوں اس جماعت کی زندگی کا مرکز رہ چکا تھا۔ چھوٹتا تو کیسے، مگر اس طرح قائم رکھا جائے کہ دوسرے اداروں میں بھی مانع نہ ہو اور ترقی کی راہ میں حائل نہ ہونے پائے، معاملات پر کہ اہل دنیا سے متعلق ہیں، اس کی تعلیمات اور حکمتوں کو زیادہ نہ ابھارا جائے، چُپ چپاتے دوسرے زیادہ ترقی یافتہ اہلِ دنیا کے اسالیب عمل کو اختیار کر لیا جائے الّا عقائد و عادات پر زبانی زور رہے اور عملاً رخصت! اور ہاں! احساس مذہبیت کے باب میں خود فریبی کے لیے مذہب کے ان حصّوں پر جو ماورا ءعقل ہیں، عقلی بحثیں بھی ہوتی رہیں تو مضائقہ نہیں۔ یعنی بقول اقبال ؎

محو رکھو ذکر و فکر صبح گاہی میں اسے

پختہ تر کر دو مزاج خانقاہی میں اسے"

ذاکر حسین صاحب نے یہ واضح کر دیا کہ تعصب، تنگ نظری، خود غرضی افراد اور جماعتوں کے لیے مضر حق کی حمایت انسان کا فرض ہے خواہ اس پر اپنوں کا ساتھ ہی کیوں نہ چھوڑنا پڑے۔ باطل سے جنگ ضروری

ذاکر صاحب جن قدروں کی اشاعت چاہتے تھے۔ وہ نہ صرف مسلمانوں اور ہندستانیوں کے لیے بلکہ عام انسانیت کے لیے قابلِ احترام جذبہ کارفرما تھا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے۔ جنھوں نے ہماری تعلیم اور ہماری نئی نسل کی ذہنیت کو ایک بہتر سانچے میں ڈھالا ہے۔

